تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 29 2024

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں دانتوں کی تبدیلی کا عالمی دن منایا گیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ، فیکلٹی آف ڈینٹسٹری نے پچیس جنوری دو ہزار چوبیس کو دانتوں کے ماہرین کا عالمی دن منایا گیا۔ دانتوں کی تبدیلی سے متعلق آئے دن ہونے والی پیش رفت کے سلسلے میں بیداری کو عام کرنے کے لیے پوری دنیا میں یہ منایا جاتا ہے۔اس کے علاوہ دانتوں کی تبدیلی سے وابستہ ماہرین کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے اسے منایا جاتا ہے۔کارگزار شیخ الجامعہ ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر اقبال حسین نے پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔دانتوں کی تبدیلی کے عالمی دن کی یاد میں ان کی موجودگی میں شجر کاری بھی کی گئی۔

طلبا میں اس خاص مہارت کو جاگزیں کرنے کے مقصد سے پورے ہفتے ڈینٹل میٹریل آرٹ، ایجوکیشنل پروستھوموی ریلز اور اسٹیج پلے پروگرام وغیرہ بھی منعقد کیے گئے تھے۔طلبا نے پروگراموں میں جوش وخروش سے حصہ لیا اور اپنی فنی مہارتوں کا ثبوت بھی فراہم کیا۔

پروفیسر کیا سرکار، ڈین فیکلٹی آف ڈینٹسٹری نے فیکلٹی اراکین اور طلبا کو اس موقع پر خطاب کیا اور پروگرام کے انعقاد کے لیے پروستھوڈنٹکس شعبے کو مبارک باد دی۔اس پروگرام میں دو معزز مقررین پروفیسر منورا ٹھی (پروفیسر اور صدر شعبہ پروستھوڈونٹکس ، پی جی آئی ڈی ایس ، روہتک) اور پروفیسر اوشوندر کور پوپلی (پروفیسر اور سابق صدر شعبہ سوشل ورک جامعہ ملیہ اسلامیہ) نے 'اسپیشل اورل ہیلتھ کیئر آف گیریریٹرکس پاپلولیش' اور 'ایلڈرلی ان کنٹیمپورے ری سوسائٹی کے موضوع پر علی الترتیب خطبات پیش کیے۔

فیکلٹی کے دو سابق طالب علم جنھوں نے پروستھوڈونٹکس میں ایم ڈی ایس کیا ہے اور سر دست اہم اداروں میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ڈاکٹر نائلہ پروین (بی ڈی ایس۔بیچ دو ہزار گیارہ) اور ڈاکٹر سہرش خان (بی ڈی ایس۔بیچ دو ہزار چودہ) بھی اس پروگرام کا حصہ تھیں اور انھوں نے اس موقع پر سامعین کے ساتھ اپنی کامیابی کی کہانی بھی ساجھا کی۔

اخیر میں مختلف مقابلوں اور سرگرمیوں کے فاتحین کو تصدیق نامے دیے گئے۔شعبہ پروستھوڈونٹکس کے پروفیسر ارم پرویز

اور پروفیسر شبینا سچدیوا اس پروگرام کے کوآرڈی نیٹر تھے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی